ملکہ ازیبلا اول (جس نے کرسٹوفر کولمبس کی مالی معاونت کی تھی)

آج بیشتر افراد ملکہ ازیبلا اول کو اس حوالے سے جانتے ہیں کہ اس نے بحراوقیانوس میں سفر کرنے کے لیے کرسٹوفر کولمبس کی مالی معاونت کی تھی۔ درحقیقت وہ ایک توانا اور اہل حکمران تھی جس نے متعدد اہم فیصلے کیے جن کے اثرات سپین اور لاطینی امریکہ پر صدیوں تک موجود رہے اور جن سے بالواسطہ طور پر آج بھی لاکھوں لوگوں کی زندگیاں متاثر ہوتی ہیں۔ دراصل اپنی بیشتر پالیسیاں اس نے اپنے اسی درجہ زیرک اور قابل شوہر فرڈیننڈ آف آرگوان سے مشاورت کے بعد وضع کیں اور وہ اس کے فیصلوں کے ساتھ منسلک تھیں۔

ازیبلا کیسٹائل کی بادشاہت میں (جو اب سپین کا ایک حصہ ہے) میڈریکل کے قصبہ میں 1451ء کو پیدا ہوئی۔ 1469ء میں جب وہ اٹھارہ برس کی تھی ازیبلا نے انحراف کیا اور بادشاہ ہنری کی مخالفت کے باوجود فرڈیننڈ سے شادی کرلی۔ جو آراگون کے تخت کا وارث تھا۔ اس سرکشی پر انگیختہ ہوکر بادشاہ ہنری نے اپنی بیٹی ''جوانا'' کو اپنا حق جتایا۔ جوانا کے حامیوں کو یہ منظور نہیں تھا۔ سو خانہ جنگی کا آغاز ہوا۔ آراگون کا بادشاہ جان دوئم اسی برس فوت ہوا اور فرڈیننڈ آراگون کا بادشاہ بن گیا۔ فرڈیننڈ اور ازیبلا کی سپین کے بڑے علاقے پر حکمرانی تھی۔

اپنے دور کے آغاز میں ہی فرڈیننڈ اور ازیبلا نے ہسپانوی تحقیقاتی ادارے کی بنیاد رکھی۔ جج، جیوری، وکیل استغاثہ اور پولیس کے جاسوسوں کا ایک اشتراک تھا۔

ازیبلا کے دور کا سب سے اہم واقعہ کرسٹوفر کولمبس کا نئی دنیا کو دریافت کرنا تھا۔ کولمبس کی مہم کے لیے کیسٹائل کی بادشاہت نے مالی معاونت کی۔